18-02-2024

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2024ء

مضمون:	مضامین قرآن	کل وقت:	30منٹ
کلاس:	ترجمہ و تفسیر کورس (سال دوم)	کل نمبر:	20

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | |

رول نمبر (لفظوں میں): ________________

نام طالبعلم: ________________

حصہ معروضی

سوال نمبر 1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔ درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ کاٹ کر لکھا ہوا غلط تصور ہو گا۔

1۔ سورۃ توبہ کی آیات کی تعداد ہے:

(الف) ایک سو پچیس (ب) ایک سو ستائیس (ج) ایک سو انتیس (د) ایک سو اکتیس

2۔ سورۃ توبہ کے ناموں کی تعداد ہے:

(الف) دس (ب) بارہ (ج) چودہ (د) سولہ

3۔ سورۃ توبہ کے اہم مضامین کی تعداد ہے:

(الف) چھ (ب) آٹھ (ج) دس (د) بارہ

4۔ وادئ حنین مکہ سے تقریباً اتنے فاصلہ پر واقع ہے:

(الف) ایک میل (ب) تین میل (ج) پانچ میل (د) سات میل

5۔ مسجد ضرار بنائی تھی:

(الف) مہاجرین نے (ب) انصار نے (ج) منافقین نے (د) مجاہدین نے

6۔ سورۃ یوسف کے اہم مضامین کی تعداد ہے:

(الف) بارہ (ب) چودہ (ج) سولہ (د) اٹھارہ

7۔ "غیابت" کے معنی ہیں:

(الف) منہ کے آگے (ب) پشت کے پیچھے (ج) منہ کے اطراف (د) پشت کی اطراف

8۔ حضرت یعقوبؑ اور حضرت یوسفؑ کے درمیان جدائی کا عرصہ گزرا تھا:

(الف) تقریباً بیس سال (ب) تقریباً چالیس سال (ج) تقریباً ساٹھ سال (د) تقریباً اسی سال

9۔ اصحاب کہف نے بغیر کھائے پیئے طویل مدت غار میں گزار دی:

(الف) تین سو سات سال (ب) تین سو نو سال (ج) تین سو گیارہ سال (د) تین سو چودہ سال

ورق الٹیے

10۔ ترتیب نزول کے اعتبار سے سورۃ المؤمنون کا نمبر ہے:

(الف) 72 (ب) 74 (ج) 76 (د) 78

11۔ سورۃ المؤمنون میں مؤمنین کی صفات بیان ہوئی ہیں:

(الف) تین (ب) پانچ (ج) سات (د) نو

12۔ انسان کی تخلیق کی ابتداء ہوئی ہے:

(الف) منی سے (ب) مٹی سے (ج) نطفہ سے (د) لوتھڑا سے

13۔ معلق کے معنی ہیں:

(الف) چڑھا ہوا (ب) اٹھا ہوا (ج) لٹکا ہوا (د) بچھا ہوا

14۔ طلاق کی اقسام ہیں:

(الف) تین (ب) پانچ (ج) سات (د) نو

15۔ قیامت کے دن صور پھونکنے کے فرض پر مامور ہیں:

(الف) حضرت جبرائیلؑ (ب) حضرت میکائیلؑ (ج) حضرت اسرافیلؑ (د) حضرت عزرائیلؑ

16۔ سورۃ لقمان کا ترتیب قرآن کے اعتبار سے نمبر ہے:

(الف) 31 (ب) 33 (ج) 35 (د) 37

17۔ سورۃ لقمان کے اہم مضامین کی تعداد ہے:

(الف) بارہ (ب) چودہ (ج) سولہ (د) اٹھارہ

18۔ حضرت لقمان نامی بزرگ ہیں:

(الف) نبی (ب) رسول (ج) حکیم (د) ولی

19۔ قرآن مجید میں حکمت کے معانی کا اطلاق ہوتا ہے:

(الف) چار معانی پر (ب) چھ معانی پر (ج) آٹھ معانی پر (د) دس معانی پر

20۔ "مجادلۃ" کا معنی ہے:

(الف) غصہ کرنے والی (ب) لڑنے والی (ج) بحث کرنے والی (د) ناشکری کرنے والی

18-02-2024

نظام المدارس پاکستان

سالانہ امتحان 2024ء

مضمون:	مضامین قرآن	کل وقت:	2:30 گھنٹے
کلاس:	ترجمہ و تفسیر کورس (سال دوم)	کل نمبر:	80

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں): ____________

سوال نمبر2: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ سورۃ توبہ کے نام تحریر کریں۔

2۔ حدیث پاک کی روشنی میں بتائیں کہ منافق کونسی سورتیں حفظ نہیں کر سکتا؟

3۔ سورۃ توبہ کی وجہ تسمیہ بیان کریں۔

4۔ ذخیرہ اندوزی کی مذمت حدیث پاک کی روشنی میں تحریر کریں۔

5۔ غزوۃ تبوک کے موقع پر منافقین کس کے گھر جمع ہوئے اور اس گھر کے لیے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا حکم دیا تھا؟

6۔ مصر کے بادشاہ کا نام اور جس نے حضرت یوسفؑ کو خریدا اس کا نام اور لقب اور اس کی بیوی کا نام تحریر کریں۔

7۔ سورۃ یوسف اور سورۃ ھود کا باہمی تعلق اور مناسبت بیان کریں۔

8۔ حضرت یوسفؑ کا خواب اور حضرت یوسفؑ کو والد کی نصیحت بیان کریں۔

9۔ زکوٰۃ کا لغوی معنیٰ اور مصارف زکوٰۃ تحریر کریں۔

10۔ سورۃ مریم کے بارے میں حدیث شریف تحریر کریں۔

11۔ حضرت ادریسؑ کی نبوت اور وصال کے بارے میں تحریر کریں۔

12۔ سورۃ المومنون اور سورۃ الحج کا باہمی تعلق اور مناسبت بیان کریں۔

سوال نمبر3: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ زکوٰۃ کا اصطلاحی معنیٰ بیان کریں۔

2۔ زکوٰۃ کی تاکید اور اس کے فضائل کے متعلق دو احادیث تحریر کریں۔

3۔ آخرت میں کامیاب مؤمنین کے اوصاف بیان کریں۔

4۔ غنا کی تحریم اور ممانعت میں قرآن کی آیت اور ایک حدیث تحریر کریں۔

5۔ سورج اور چاند، رات اور دن کی گردش کے نظام کو تحریر کریں۔

6۔ سورۃ المجادلۃ کی وجہ تسمیہ بیان کریں۔

7۔ ظہار سے کیا مراد ہے؟

8۔ ظہار کا کفارہ کیا ہے؟

9۔ مجلس کے آداب بیان کریں۔

10۔ سورۃ الطلاق کی وجہ تسمیہ بیان کریں۔

11۔ جس عورت کو حیض نہیں آتا اس کی عدت طلاق اور عدت وفات کی تحریر کریں۔

12۔ حاملہ اور غیر حاملہ عورت کی عدت کی مدت بیان کریں۔

تفصیلی سوالات

سوال نمبر4: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے جوابات تحریر کریں۔ 10x2=20

i. غزوۃ حنین کا واقعہ تفصیلاً بیان کریں۔

ii. مسجد ضرار کا واقعہ بیان کرتے ہوئے اس کا پس منظر اور پیش منظر بیان کریں۔

iii. حضرت مریمؑ کا تذکرہ اور حضرت عیسیٰؑ کی گواہی کا تذکرہ بیان کریں۔

سوال نمبر5: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے جوابات تحریر کریں۔ 10x2=20

i. آئمہ کے احوال کی روشنی میں حکمت کے معانی اور قرآن مجید کی حکمت کا اطلاق کن کن پر کیا گیا ہے۔ تفصیلاً بیان کریں۔

ii. طلاق کی معنی و مفہوم اور طلاق کی اقسام اور طلاق دینے کا طریقہ تفصیل سے بیان کریں۔

iii. عدت کا معنی و مفہوم اور عورتوں کو گھر سے نکالنے یا خود نکلنے کے احکام اور عدت کی تکمیل کے بعد عورتوں سے سلوک کا حکم تفصیل سے بیان کریں۔